نیک بننے کا نسخہ

مدنی پھولوں کے لئے

پندرہویں صدی کی عظیم علمی وروحانی شخصیت

شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت، بانیٔ دعوتِ اسلامی

حضرتِ علّامہ مولانا ابو بلال **محمد الیاس عطّار قادری رضوی** دامت برکاتہم العالیہ

نے اس پُرفتن دور میں نیکیاں کرنے اور گناہوں سے بچنے کے طریقوں پر

مشتمل شریعت وطریقت کا جامع مجموعہ

40 مَدَنی انعامات

بصورتِ سُوالات عطا فرمائے ہیں۔ ان کے مطابق آسانی سے

عمل کرنے کا طریقۂ کار آخر میں دیا گیا ہے۔ مزید معلومات

کے لئے مَکْتَبَۃُ الْمَدِیْنَہ کی کسی بھی شاخ سے کتاب

"جنّت کے طلب گاروں کے لئے مَدَنی گلدستہ" طلب فرما سکتے ہیں۔

مرکزی مجلسِ شوریٰ (دعوتِ اسلامی)

مَــدَنی وَضــاحــتیں

مَدَ نی اِنعاما ت کی وضاحتوں اور رعا یتوں سے مُتَعَلِّق سُوالا ت کے جوابا ت کے لیے تنظیمی طور پر چار قاعدے مقرّر کئے ہیں ۔

قاعدہ نمبر 1: جو یومیہ مَدَ نی اِنعامات چند '' جُزئیات '' پر مشتمل ہیں۔
مثلاً: تَہَجُّد، اِشراق ، چاشت ، اَوّا بین والا مَدَ نی اِنعام ، اِس مَدَ نی اِنعام میں 4 جُز ہیں، لہٰذا ایسے مَدَ نی اِنعامات پر اکثر پر عَمَل ہونے کی صورت میں تنظیمی طور پر عَمَل مان لیا جائے گا۔
(اکثر سے مُراد آدھے سے زیادہ مَثَلاً 100 میں سے 51 اکثر کہلائے گا)[۱]

قاعِدہ نمبر 2: بعض مَدَ نی اِنعامات ایسے ہیں جن پر کسی دن عمل نہ ہونے کی صورت میں تنظیمی طور پر دوسرے دن عمل کی ترغیب ہے۔
مَثَلاً: چار صَفحات فیضانِ سُنَّت ، 313 بار دُرُودِ پاک پڑھنے یا کنزُ الایمان شریف سے کم از کم 3 آیات کی تِلاوت (مَع ترجمہ وتفسیر) کرنے سے

مــــــــــــــــــــــــــــــــــــدینہ

[۱]: یہ قاعدہ مدنی انعام نمبر 24 پر لاگو نہیں ہوتا ، اسی طرح مدنی انعام نمبر 2 کے چار اجزاء: '' (۱) پانچوں نمازیں (۲) باعمامہ (۳) تکبیر اُولیٰ کے ساتھ (۴) باجماعت '' میں سے پہلے اور چوتھے جز پر بھی لاگو نہیں ہوتا۔)

محرومی رہی۔ اس صورت میں جتنے دن ناغہ ہوا، **بعد والے دنوں میں رہ جانے والے دنوں کا حساب لگا کر اُتنی ہی مرتبہ عَمَل کرنے پر تنظیمی طور پر عَمَل مان لیا جائے گا۔**

قاعِدہ نمبر 3: بعض مَدَنی اِنعامات ایسے ہیں جن پر عمل کی عادت بنانے میں وَقت لگتا ہے۔

مَثَلاً: قَہقَہہ، تُوتکار سے بچنے اور نگاہیں جھکا کر چلنے کی عادت بنانے والے اِنعامات، **ایسے مَدَنی اِنعامات پر زمانۂ کوشِش کے دَوران عَمَل مان لیا جائے گا۔** (کوشش پائے جانے کے لئے ضَروری ہے کہ کم از کم دن میں 3 دفعہ عمل کرے)

قاعدہ نمبر 4: بعض مَدَنی اِنعامات ایسے ہیں جن پر صحیح عُذر (یعنی حقیقی مجبوری) **کی بِناء پر عَمَل کی کوئی صورت نہ ہو یا اِس دَوران دوسرے مَدَنی کام میں مشغولیَّت ہے۔**

مَثَلاً: ذِمّے دار وغیرہ دیگر مَدَنی کاموں میں مصروفیَّت کے باعِث کسی مَدَنی اِنعام مَثَلاً: مدرسۃُ المدینہ بالِغان میں شریک نہ ہوسکے یا والِدین کی وفات

یا اُن کی دوسرے شہر رہائش کی صورت میں دست بوسی اور اُن پڑھ ہونے کے باعث لکھ کر بات کرنے سے محرومی ہے **تو بھی تنظیمی طور پر ان پر عَمَل مان لیا جائے گا۔**

یومیہ 29 مَدَنی انعامات

پہلا درجہ 15 مَدَنی انعامات

(1) کیا آج آپ نے کچھ نہ کچھ جائز کاموں سے پہلے **اچھی نیّتیں** کیں؟ نیز کم از کم دو کو اس کی ترغیب دلائی؟

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12	13	14	15	میزان
16	17	18	19	20	21	22	23	24	25	26	27	28	29	30	

(2) **پانچوں نمازیں** باعمامہ تکبیرِ اولیٰ کیساتھ باجماعت مسجد میں ادا کرتے ہیں یا نہیں؟

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12	13	14	15	میزان
16	17	18	19	20	21	22	23	24	25	26	27	28	29	30	

(3) آپ نے نمازِ پنجگانہ کے بعد اور سوتے وقت کم از کم ایک ایک بار **آیۃ الکُرسی** اور **تسبیحِ فاطِمہ** رضی اللہ تعالٰی عنہا پڑھنے کا معمول بنایا ہے یا نہیں؟

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12	13	14	15	میزان
16	17	18	19	20	21	22	23	24	25	26	27	28	29	30	

(4) روزانہ کم از کم ۳۱۳ بار **دُرُود شریف** پڑھتے ہیں یا نہیں؟ نیز روزانہ کم از کم ایک گھنٹہ اپنے گھر پر سبق یاد کرتے ہیں یا نہیں؟

میزان	15	14	13	12	11	10	9	8	7	6	5	4	3	2	1
	30	29	28	27	26	25	24	23	22	21	20	19	18	17	16

(5) روزانہ **دو دَرس** (مسجد، گھر جہاں سہولت ہو) دیتے یا سنتے ہیں یا نہیں؟ (دو میں سے گھر کا ایک دَرس ضروری ہے)

میزان	15	14	13	12	11	10	9	8	7	6	5	4	3	2	1
	30	29	28	27	26	25	24	23	22	21	20	19	18	17	16

(6) کسی کا نام بگاڑنا حکمِ قرآنی کے خلاف ہے۔ کسی کو (بلا اجازتِ شَرعی) **لمبا، ٹِھگنا، موٹا** وغیرہ تو نہیں کہتے؟

میزان	15	14	13	12	11	10	9	8	7	6	5	4	3	2	1
	30	29	28	27	26	25	24	23	22	21	20	19	18	17	16

(7) کسی مضمون میں آپ کی معلومات زیادہ ہونے کی صورت میں ہوسکتا ہے کم معلومات والا آپ کو حقیر لگے۔ اس طرح کا وَسوسہ آنے کی صورت میں آپ خود کو **اللہ عَزَّوَجَلَّ کی بے نیازی** سے ڈراتے ہیں یا نہیں؟

میزان	15	14	13	12	11	10	9	8	7	6	5	4	3	2	1
	30	29	28	27	26	25	24	23	22	21	20	19	18	17	16

(8) خدانخواستہ تُوتکار کی عادت تو نہیں؟ خواہ ایک دن کا بچہ بھی ہو اس سے **آپ**

کہہ کر مخاطِب ہوں پیچھے سے بھی جمع کا صِیغہ استعمال کریں مثلاً زید آیا، زید کہتا تھا کی جگہ زید آئے، زید کہتے تھے وغیرہ۔

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12	13	14	15	میزان
16	17	18	19	20	21	22	23	24	25	26	27	28	29	30	

(9) کیا آج آپ نے حتَّی الامکان قَہقَہہ لگانے (یعنی کِھل کِھلا کر ہنسنے) سے بچنے کی کوشش کی؟ (ضرورتاً مسکرانا سنّت ہے)

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12	13	14	15	میزان
16	17	18	19	20	21	22	23	24	25	26	27	28	29	30	

(10) کسی پر غصہ آجانے کی صورت میں چُپ رہ کر **غصّے کا علاج** کرتے ہیں یا بول پڑتے ہیں؟ (اَعُوْذُ بِاللّٰہ وغیرہ پڑھ سکتے ہیں) **نیز دَرگُزَر** سے کام لیتے ہیں یا انتقام (یعنی بدلہ لینے) کا موقع ڈھونڈتے ہیں؟

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12	13	14	15	میزان
16	17	18	19	20	21	22	23	24	25	26	27	28	29	30	

(11) کسی نے اگر آپ کی شکایت (استاد یا والدین وغیرہ سے) کر دی تو آپ بھی بدلہ لینے کیلئے موقع کا انتظار کرتے ہیں یا **دُرُست شکایت پر شکریہ** ادا کرتے اور غَلَط شکایت پر مُعاف فرما کر ثواب کا خزانہ حاصل کرتے ہیں؟

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12	13	14	15	میزان
16	17	18	19	20	21	22	23	24	25	26	27	28	29	30	

(12) آپ میں کہیں دوسرے اسلامی بھائیوں سے مانگ مانگ کر ان کی چیزیں استعمال کرنے کی گندی عادت تو نہیں؟ (دوسروں سے سُوال کی عادت نکال دیجئے ضَرورت کی چیز نشانی لگا کر اپنے پاس بحفاظت رکھئے)

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12	13	14	15	میزان
16	17	18	19	20	21	22	23	24	25	26	27	28	29	30	

(13) کسی سے بات کرتے وَقت اکثر آپ کی **نگاہ نیچی** ہوتی ہے یا مخاطَب (یعنی جس سے بات کر رہے ہیں اس) کے چہرے پر؟ (بات کرتے ہوئے سامنے والے کے چہرے پر نگاہیں گاڑنا سنت نہیں) نیز کیا آج آپ نے اپنے گھر کے برآمدوں سے (بلاضَرورت) باہَر نیز کسی اور کے دروازوں وغیرہ سے ان کے **گھروں کے اندر جھانکنے** سے بچنے کی کوشش کی؟

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12	13	14	15	میزان
16	17	18	19	20	21	22	23	24	25	26	27	28	29	30	

(14) سنّت کے مطابق آدھی پنڈلی تک **کُرتا** (سَفَید) سامنے جیب میں نمایاں **مِسواک** اور ٹخنوں سے **اُونچے پائِنچے**، سر پر **زلفیں**، سارا دن **عمامہ شریف** (گھر میں بھی اور باہر بھی) سجانے کا معمول ہے یا نہیں؟

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12	13	14	15	میزان
16	17	18	19	20	21	22	23	24	25	26	27	28	29	30	

(15) جب تک دوسرا بات کر رہا ہو آپ اطمینان سے سُنتے ہیں یا اُس کی **بات کاٹ کر** اپنی بات شروع کر دیتے ہیں؟ نیز بہت سوں کی عادت ہوتی ہے کہ بات سمجھ جانے کے باوُجُود بے ساختہ: ہیں؟ یا کیا؟ وغیرہ بول کر دوسروں کو خواہ مخواہ اپنی بات دُہرانے کی زحمت دیتے ہیں آپ کی بھی تو کہیں یہ عادت نہیں؟

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12	13	14	15	میزان
16	17	18	19	20	21	22	23	24	25	26	27	28	29	30	

دوسرا درجہ 14 مدنی انعامات

(16) گھر (یا مدرسہ وغیرہ) کا ہر کھانا **صبر وشُکر** کے ساتھ تناوُل فرما لیتے ہیں یا پسند نہ آنے پر مَعاذَاللہ عَزَّوَجَلَّ ناپسندیدگی کا اِظہار کرتے ہیں؟ کھانے کو عیب لگانا سنّت نہیں اور منہ نہ بگاڑیں۔

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12	13	14	15	میزان
16	17	18	19	20	21	22	23	24	25	26	27	28	29	30	

(17) گھر، بس، ٹرین، مدرسے وغیرہ میں آتے جاتے اور گلیوں سے گزرتے ہوئے راہ میں کھڑے یا بیٹھے ہوئے **مسلمانوں کو سَلام** کرنے کی عادت بنائی ہے یا نہیں؟ (مدرسے میں جو جو سُنّتیں سکھائی جاتی ہیں گھر میں بھی ان پر عمل جاری رکھیں)

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12	13	14	15	میزان
16	17	18	19	20	21	22	23	24	25	26	27	28	29	30	

(18) فیضانِ سنت جلداوّل کے ص 221 پر دیئے ہوئے طریقے کے مطابق (باہراور گھر میں) **پردے میں پردہ** کی عادت ڈالی ہے یا نہیں؟ (سوتے وقت پاجامہ پر مزید ایک چادر تہبند کی طرح باندھ لیں اور ایک چادر اوپر سے بھی اوڑھ لیں اِنْ شَآءَاللّٰہ عَزَّوَجَلَّ پردے میں پردہ ہوجائے گا)

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12	13	14	15	میزان
16	17	18	19	20	21	22	23	24	25	26	27	28	29	30	

(19) بعد نمازِ عشا (علمی مشاغل وغیرہ سے فارغ ہو کر) جلد تر سونے کی عادت ڈالیں۔ جب آپ کو نماز کیلئے یا یوں ہی جگایا جاتا ہے تو **فوراً اُٹھ** جاتے ہیں یا دوبارہ لیٹ جاتے ہیں یا بیٹھے بیٹھے اونگھ جاتے ہیں؟ ایسا کتنی بار ہوتا ہے؟ جب سو کر اُٹھتے ہیں (چاہے بار بار بچھونا چھوڑنا پڑے) ہر بار بچھونا لپیٹ لیتے ہیں یا نہیں؟ سونے کا وقت ختم ہوجانے پر بچھونا تہہ کرکے اس کی جگہ پر رکھتے ہیں یا وہیں پڑا رہنے دیتے ہیں؟

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12	13	14	15	میزان
16	17	18	19	20	21	22	23	24	25	26	27	28	29	30	

(20) مَدَنی مرکز، نگران، استاد اور والدین کی (یہ سب جب تک خلافِ شرع کرنے کا حکم نہ دیں) **اِطاعت** فرماتے ہیں یا نہیں؟ نیز کیا آج آپ نے یکسوئی کے ساتھ **فکرِ مدینہ** (یعنی اپنے اَعمال کا مُحاسَبہ) کرتے ہوئے جن جن مَدَنی

انعامات پر عمل ہوا ان کی رسالے میں خانہ پُری فرمائی ؟

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12	13	14	15	میزان
16	17	18	19	20	21	22	23	24	25	26	27	28	29	30	

(21) روزانہ کم از کم کسی ایک نماز کے بعد اپنے **ماں باپ** اور اپنے **قاری صاحب** کیلئے **اچّھی دُعائیں** کرتے ہیں یا نہیں؟ نیز کیا آج آپ نے **گھر میں مَدَنی ماحول** بنانے کے **مَدَنی پھولوں** کے مطابق ممکنہ صورت میں عمل کیا؟ (''مدنی پھول'' رسالے کے آخر میں ملاحظہ فرمایئے) (والدین اور استاد کو آتا دیکھ کر تعظیماً کھڑے ہو جائیں والدین اور استاد کے سامنے ہمیشہ آواز پست رکھیں ان سے آنکھیں ہرگز نہ ملائیں اپنے استاد صاحب بلکہ کسی کے بھی پیچھے سے نقلیں نہ اُتاریں)

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12	13	14	15	میزان
16	17	18	19	20	21	22	23	24	25	26	27	28	29	30	

(22) استاد و مُنتَظِمین کی کوئی بات اگر ناگوار گزرے تو **صَبر** کرتے ہیں یا مَعَاذَاللّٰہ دوسروں پر اس کا اِظہار کرنے کی نادانی کر بیٹھتے ہیں؟ مدرسے کے انتظامات کی کمزوریوں کا بیان انتظامیہ کے علاوہ کسی اور کے آگے کرنا بہُت بُری بات ہے۔ نیز اگر کسی اسلامی بھائی کی کوئی بات ناگوار خاطر ہو یا وہ خطا کر بیٹھے تو اس کا دوسروں پر اِظہار کرنے کے

بجائے احسن طریقہ پر خود ہی اسکی اصلاح فرما دیں۔

میزان	15	14	13	12	11	10	9	8	7	6	5	4	3	2	1
	30	29	28	27	26	25	24	23	22	21	20	19	18	17	16

(23) مدرسے کے **نظامُ الاوقات کی پابندی** فرماتے ہیں یا نہیں؟ وقت پر پہنچ کر آخری پیریڈ تک پڑھائی کرتے اور اسباق یاد کرتے ہیں یا اِدھر اُدھر کی باتوں میں وقت ضائع کر دیتے ہیں؟ کسی پیریڈ میں استاد صاحِب یا مُنتَظِمین کی اجازت لئے بغیر چُپکے سے گھر وغیرہ تو نہیں چلے جاتے؟ (مُقیم طُلَبا ءکیلئے دن ہو یا رات باہر جانے کیلئے ہر وقت اجازت لینا لازمی ہے)

میزان	15	14	13	12	11	10	9	8	7	6	5	4	3	2	1
	30	29	28	27	26	25	24	23	22	21	20	19	18	17	16

(24) کیا آپ کو **غیبت، چُغلی اور حَسَد** کی تعریف معلوم ہے؟ ان رَذائِل اور ضد، طنز، ہنسی مذاق سے آپ بچتے ہیں یا نہیں؟ (بہارِ شریعت حصہ ۱۶ سے غیبت، چغلی اور حسد کا بیان پڑھ یا سن لیجئے) کسی کے اندر کوئی خامی یا بُرائی ہو اسے اس کی پیٹھ پیچھے بیان کرنا غیبت کہلاتا ہے جو کہ گناہِ کبیرہ ہے۔ کسی کے لباس کو پیچھے سے بے ڈھنگا، میلا وغیرہ کہا، یا کہا کہ اس کی آواز بے کار ہے یہ سب غیبت میں داخل ہے۔ جبکہ وہ بُرائی یا خامی یا خرابی اس میں موجود ہو اور اگر نہ ہو تو بہتان ہے جو غیبت سے بھی

بڑا گناہ ہے۔ کسی کا حافِظہ اچھا ہو یا اچھی آواز میں نعت پڑھتا ہو تو اس کے بارے میں یہ تمنّا کرنا کہ اس کا حافظہ کمزور پڑ جائے یا اس کی آواز خراب ہو جائے یہ حَسَد میں داخل ہے۔ حَسَد کرنا گناہ ہے۔ حدیثِ پاک میں ہے ''حسد نیکیوں کو اس طرح کھا جاتا ہے جس طرح آگ لکڑی کو۔'' (سنن ابی داود، ۴/ ۳۶۰، حدیث: ۴۹۰۳)

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12	13	14	15	میزان
16	17	18	19	20	21	22	23	24	25	26	27	28	29	30	

(25) کیا آپ ہمیشہ سچ بولتے ہیں بلا حاجتِ شَرعی ''**توریہ**'' تو نہیں کر بیٹھتے؟ توریہ یعنی لفظ کے جو ظاہری معنیٰ ہیں وہ غَلَط ہیں مگر اس نے دوسرے معنیٰ مراد لئے جو صحیح ہیں، ایسا کرنا بلا حاجت جائز نہیں اور حاجت ہو تو جائز ہے۔ توریہ کی مثال یہ ہے کہ آپ نے کسی کو کھانے کیلئے بلایا وہ کہتا ہے میں نے کھانا کھا لیا اس کے ظاہر معنیٰ یہ ہیں کہ اس وقت کا کھانا کھا لیا ہے مگر وہ یہ مراد لیتا ہے کہ کل کھایا ہے یہ بھی جھوٹ میں داخل ہے۔ (عالمگیری، ۵/ ۳۵۲ ملخصاً)

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12	13	14	15	میزان
16	17	18	19	20	21	22	23	24	25	26	27	28	29	30	

(26) سبق سناتے وقت اگر کوئی اسلامی بھائی غلطی کر بیٹھے تو آپ ہنس کر اس کی **دِل آزاری** تو نہیں کر بیٹھتے اگر آپ کبھی ایسی بھول کر بیٹھے تو اپنے اس

اسلامی بھائی کوراضی کرلیں، رسولُ اللّٰہ صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم فرماتے ہیں: جس نے (بلا وجہِ شرعی) کسی مسلمان کو ایذا دی اس نے مجھے ایذا دی اور جس نے مجھے ایذا دی اس نے اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کو ایذا دی۔

(المعجم الاوسط،۲/۳۸۶،حدیث:۳۶۰۷)

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12	13	14	15	میزان
16	17	18	19	20	21	22	23	24	25	26	27	28	29	30	

(27) گھر یا ہوٹل وغیرہ میں T.V یا V.C.R یا موبائل وغیرہ پر فلمیں ڈرامے تو نہیں دیکھتے؟ (**فلمیں ڈرامے** ہرگز نہ دیکھا کریں۔ جو اپنی آنکھوں کو نظرِ حرام سے پُر کرتا ہے قیامت کے روز اس کی آنکھوں میں آگ بھری جائے گی۔ T.V اور V.C.R پر فلمیں اور ڈرامے دیکھنے سے حافظہ بھی کمزور ہوسکتا ہے، عموماً نابینا بچے جلد حافِظِ قرآن بن جاتے ہیں اسلئے کہ وہ آنکھوں کے غَلَط استعمال سے بچے رہتے ہیں لہٰذا ان کا حافِظہ قوی ہوتا ہے۔ آپ بھی آنکھوں کے غلط استعمال سے بچیں اور **آنکھوں کا قفلِ مدینہ** لگائیں)

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12	13	14	15	میزان
16	17	18	19	20	21	22	23	24	25	26	27	28	29	30	

(28) زبان پر **قفلِ مدینہ** لگاتے ہوئے غیر ضَروری باتوں کی عادت نکالنے اور خاموشی کی عادت بنانے کی کوشش جاری ہے یا نہیں؟ نیز آپ کچھ نہ کچھ

اشارے سے بھی اور روزانہ کم از کم **چار بار لکھ کر** بھی **گفتگو** فرماتے ہیں یا نہیں؟ نیز فضول بات منہ سے نکل جانے کی صورت میں بطورِ کفارہ فوراً دُرُودِ پاک پڑھنے کی عادت بنائی ہے یا نہیں؟ (عموماً گونگے ہوشیار ہوتے ہیں کہ وہ زبان کے غَلَط استعمال سے محفوظ رہتے ہیں۔ آپ بھی زبان پر ''قفلِ مدینہ'' لگالیں تاکہ فضول گوئی سے بچ سکیں)

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12	13	14	15	میزان
16	17	18	19	20	21	22	23	24	25	26	27	28	29	30	

(29)**کھانا** حتَّی الامکان **سنّت کے مطابق** کھاتے، نیچے گرے ہوئے دانے وغیرہ چُن کر کھالیتے، ہڈیاں، گرم مَسالہ وغیرہ نیز کھانے کے بعد انگلیاں سب اچھی طرح چاٹ لیتے اور برتن دھو کر پی لیتے ہیں یا نہیں؟ (دھونا اسی وقت کہیں گے جبکہ کھانے کا اثر برتن میں باقی نہ رہے) نیز کھانے سے فراغت کے بعد برتن اُٹھانے، دستر خوان صاف کرنے اور تھال وغیرہ دھونے کے معاملے میں دوسروں سے کہیں اُلجھتے تو نہیں؟ مدرسے کے ناظِم صاحِب صفائی وغیرہ کے متعلق وقتاً فوقتاً جو ہدایات دیتے ہیں آپ ان پر عمل کرتے ہیں یا نہیں؟

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12	13	14	15	میزان
16	17	18	19	20	21	22	23	24	25	26	27	28	29	30	

قُفلِ مدینہ کارکردگی

مَدَنی ماہ وسال..................

تاریخ	لکھ کر گفتگو	اشارے سے گفتگو	نگاہیں گاڑے بغیر گفتگو	قفلِ مدینہ عینک کا استعمال
	کم ازکم 12 مرتبہ	کم ازکم 12 مرتبہ	کم ازکم 12 مرتبہ	کم وبیش 12 مِنَٹ
1				
2				
3				
4				
5				
6				
7				
8				
9				
10				
11				
12				
13				
14				
15				

تاریخ	لکھ کر گفتگو	اشارے سے گفتگو	نگاہیں گاڑے بغیر گفتگو	قفلِ مدینہ عینک کا استعمال
	کم از کم 12 مرتبہ	کم از کم 12 مرتبہ	کم از کم 12 مرتبہ	کم و بیش 12 منٹ
16				
17				
18				
19				
20				
21				
22				
23				
24				
25				
26				
27				
28				
29				
30				
مجموعی				

ھفتہ وار 2 مَدَنی انعامات

(30) آپ باعمل حافظِ قرآن یا عالم باعمل بننے کیلئے دعوتِ اسلامی کے ماحول سے وابستہ ہیں۔ لہٰذا آپ اپنے والد وغیرہ کے ہمراہ (بالغ مدنی منّے تنہا یا قافلے کے ساتھ) **ھفتہ وار اجتماع** میں شروع (تلاوت ونعت) سے لیکر (مع ذکر و دُعا وحلقہ) آخر تک حتی الامکان نگاہیں نیچی کئے سنتے ہیں یا نہیں؟

(31) کیا آپ نے تنہا یا **کیسٹ اجتماع** میں کم از کم ایک **بیان** یا **مَدَنی مذاکرے** کی آڈیو/ ویڈیو کیسٹ بیٹھ کر سنی یا دیکھی یا مَدَنی چینل پر روزانہ کم از کم **1** گھنٹہ **12** مِنَٹ نشریات دیکھیں؟

ماہانہ 3 مَدَنی انعامات

(32) آپ نے اس ماہ (مدرَسے کی طرف سے مقرّر کردہ چُھٹّیوں کے علاوہ) بلاضَرورت وبغیر مجبوری کے **چُھٹّی** تو نہیں کی؟

(33) کیا آپ کو **ایمانِ مُجمَل، ایمانِ مُفَصَّل، چھ کَلِمے** مَعَ تَرجَمہ اور قرآن کی **آخری دس سورتیں** یاد ہیں؟ انہیں ہر ماہ کی پہلی پیر کو پڑھ لیتے ہیں یا نہیں؟

(34) کیا آپ نے اس ماہ کی پہلی پیر شریف (یا رہ جانے کی صورت میں کسی بھی پیر شریف) کو رسالہ ''**خاموش شہزادہ**'' کا مُطَالعَہ فرما کر فُضول گوئی سے بچنے کی عادت بنانے کے لئے ''**یومِ قفلِ مدینہ**'' منایا؟ نیز کیا آپ نے پچھلے مہینے کا مَدَنی انعامات کا رسالہ پُر کر کے 10 تاریخ کے اندر اندر اپنے ذمّے دار کو جمع کروایا؟

سالانہ 7 مَدَنی انعامات

(35) آپ نے اپنا آئیڈیل (مثالی شخصیت) کس کو بنایا ہے؟ (امیرِ اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ کے آئیڈیل اعلیٰحضرت رحمۃُ اللہ تعالٰی علیہ ہیں)

(36) آپ نے کسی ایک یا چند مَدَنی منّوں سے دوستی گانٹھ رکھی ہے یا سب کے ساتھ **یکساں تعلُّقات** رکھے ہیں؟ (بات بات پر روٹھنا، بار بار ایک ہی دوست کو تحفے دینا، اسکے ناراض ہونے پر یا نہ آنے پر رونا صرف اسی کو پرچیاں لکھتے رہنا اسی جیسا لباس وغیرہ استعمال کرنا وہ اجتماع میں آئے تو آنا وہ نہ آئے تو خود بھی نہ آنا وغیرہ یہ سب انداز مناسب نہیں)

(37) مَعَاذَاللّٰہ عَزَّوَجَلَّ آپ کے لباس یا مدرسے کے بستے وغیرہ پر **جانداروں کی تَصَاوِیر یا جانوروں کے اِسٹیکرز** تو نہیں ہیں؟ (بسکٹ، سپاری، یا چوئینگم وغیرہ کے پیکٹ میں سے جو جانداروں کی تصاویر والے اسٹیکرز نکلتے ہیں انہیں دروازے، دیوار وغیرہ پر چسپاں تو نہیں کر ڈالتے؟)

(38) آپ کی **بلّی یا کتّے کو سَتانے یا چیونٹیاں مار ڈالنے** کی عادت تو نہیں؟ (کتّے یا بلّی وغیرہ کو نہ ماریں، نہ ستائیں کہ جانور پر ظلم کرنا مسلم پر ظلم کرنے سے بڑا گناہ ہے۔ایک حدیثِ پاک میں یہ واقعہ بیان کیا گیا ہے: ایک عورت اسلئے جہنم میں داخل کر دی گئی کہ اس نے بلی کو بند کر دیا نہ خود کچھ کھلایا نہ آزاد کیا کہ وہ کچھ کھا لیتی بلی بے چاری بھوک سے مرگئی۔ (صحیح بخاری ۲/۴۰۸ حدیث:۳۳۱۸)

(39) **پھلوں وغیرہ کے چھلکے** لاپرواہی کے ساتھ گلی میں پھینکنے کی عادت تو نہیں؟ (کیلے یا پپیتے کے چھلکے یا کانچ وغیرہ ایسی جگہ پر نہ ڈالیں جہاں لوگوں کو تکلیف پہنچنے کا اندیشہ ہو۔ بلکہ ایسی چیزیں راستے میں نظر آئیں تو ان کو ہٹا دینا ثواب ہے۔حدیثِ پاک میں یہ مضمون موجود ہے کہ ایک شخص نے راستے میں پڑی ہوئی کانٹے دار شاخ راستے سے دور کر دی تا کہ مسلمانوں کو تکلیف نہ پہنچے، اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کو اس کا یہ عمل پسند آ گیا اور اس کی مغفرت فرما دی۔ (مسلم ص ۱۴۱۰ حدیث:۱۹۱۴)

(40) کیا آپ اپنے اُستادِ محترم سے (مَعَاذَاللّٰہ عَزَّوَجَلَّ) **اِمتحاناً** بھی **سُوالات** کرتے ہیں؟ نیز آپ کی مَعَاذَاللّٰہ عَزَّوَجَلَّ سُنّی عُلَماء پر تنقید کی عادت تو نہیں؟ (امیرِ اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ فرماتے ہیں: جو سُنّی عالم کی تجہیل کرے یا اس پر نکتہ چینی کرے اس سے میں بیزار ہوں۔ پھر تنقید کرنے والا خواہ استاد ہو یا شاگرد)

رضائے رَبُّ الْاَنَام کے کام

عطّار کا دوست :امیرِ اہلسنّت دَامَت بَرَکاتھم العالیہ فرماتے ہیں: جو ذیل میں دیئے گئے **6 مَدَنی اِنعامات** کی پابندی کرے وہ میرا **دوست** ہے۔

مدینہ 1: **پانچوں نمازیں** باعمامہ تکبیرِ اولیٰ کیساتھ باجماعت مسجد میں ادا کرے۔

مدینہ 2: روزانہ فیضانِ سنّت سے کم از کم 2 **درس** (مسجد، گھر، دکان وغیرہ جہاں سہولت ہو) دے یا سُنے۔ (دو میں سے گھر کا ایک درس ضَروری ہے)

مدینہ 3: سنّت کے مطابق آدھی پنڈلی تک **کُرتا** (سَفید) سامنے جیب میں نمایاں **مِسواک** اور ٹخنوں سے **اُونچے پائِنچے**، سر پر **زُلفیں**، سارا دن **عِمامہ شریف** (گھر میں بھی اور باہر بھی) سجانے کا معمول بنائے۔

مدینہ 4: گھر، بس، ٹرین، مدرسے وغیرہ میں آتے جاتے اور گلیوں سے گزرتے ہوئے راہ میں کھڑے یا بیٹھے ہوئے **مسلمانوں کو سَلام** کرے۔

مدینہ 5: اپنے والد وغیرہ کے ہمراہ (بالغ مدنی منے تنہا یا قافلے کے ساتھ) **ھفتہ وار اجتماع** میں اوّل تا آخر شرکت کی ترکیب کرے۔

مدینہ 6: ہفتہ میں تنہا یا **کیسٹ اجتماع** میں کم از کم **ایک بیان** یا **مَدَنی مذاکرے** کی آڈیو/ وِڈیو کیسٹ بیٹھ کر سنے یا دیکھے۔

عطّار کا پیارا: امیرِ اہلسنّت دَامَت بَرَکاتھم العالیہ فرماتے ہیں: جو مذکورہ مَدَنی اِنعامات پر عمل کے ساتھ **40** میں سے کم از کم **30** مَدَنی اِنعامات کا عامل ہو وہ میرا **پیارا** ہے۔

عطّار کا منظورِ نظر: امیرِ اہلسنّت دَامَت بَرَکاتھم العالیہ کا ارشاد ہے: جو مندرجہ بالا معمولات بجالا کر **دوست** اور **پیارا** بننے کے ساتھ ساتھ ذیل میں دیئے ہوئے 6 مَدَنی کام پابندی سے کرے وہ میرا ''**منظورِ نظر**'' ہے۔

مدینہ 1: روزانہ کم از کم **12** بار لکھ کر گفتگو۔

مدینہ 2: روزانہ کم از کم **12** بار اشارے سے گفتگو۔

مدینہ 3: روزانہ کم از کم **12** منٹ قفلِ مدینہ کے عینک کا استعمال۔

مدینہ 4: (ضَروری گفتگو کی نوبت آتی ہو تو) روزانہ کم از کم **12** بار سامنے والے

کے چہرے پر نظریں گاڑے؛ نیز گفتگو۔

مدینہ 5: ہفتے میں کم از کم ایک رسالہ پڑھے۔(جو روزانہ کم از کم ایک رسالہ پڑھنے کا معمول بنائے اس سے امیرِ اہلسنّت دَامَت بَرَکاتھم العالیہ بہت خوش ہوتے ہیں)

مدینہ 6: ہر ماہ یومِ قفلِ مدینہ منائے۔

محبوبِ عطّار : **امیرِ اہلسنّت** دَامَت بَرَکاتھم العالیہ کا فرمانِ شفقت نشان ہے کہ جو مندرجہ بالا تمام معمولات کے ساتھ ساتھ **مکمل 40** مَدَنی انعامات کا عامل ہو وہ میرا ''**محبوب**'' ہے۔

جذباتِ عطّار : آہ! آہ! آہ! دل خوفزدہ ہے میں نہیں جانتا کہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی میرے بارے میں خفیہ تدبیر کیا ہے! البتہ میرے دل کے جذبات یہ ہیں کہ سرکارِ مدینہ صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے صدقے میں مجھ پر اگر خاص کرم ہوگیا تو **اِنْ شَآءَ اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اپنے ہر **دوست، پیارے، منظورِ نظر** اور **محبوب** کو جنّتُ الفردوس میں ساتھ لیتا جاؤں گا۔

عطّار کس سے بیزار : جو اسلامی بھائی دعوتِ اسلامی کی مرکزی مجلسِ شوریٰ، انتظامی کابینات و مجالس وغیرہ کی بلا اجازتِ شرعی لوگوں کے سامنے مخالفت کرے وہ نہ **میرا دوست، نہ پیارا، نہ منظورِ نظر**

اور نہ محبوب بلکہ **قلبِ عطّار اُس سے بیزار ہے** ۔

دُعائے عطّار : یااللہ عَزَّوَجَلَّ جوروزانہ یہ مذکورہ مَدَنی کام کرلیا کرے اس عطار کے **دوست** اور **پیارے** نیز عطار کے **منظورِ نظر** و**محبوب** کو مع عطار جنّتُ الفردوس میں اپنے مَدَنی محبوب صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کا پڑوسی بنادے۔ اٰمین بِجاہِ النَّبِیِّ الْاَمین صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم

مرکزی مجلسِ شوریٰ

19 مَدَنی پھولوں میں سے اخذ شدہ مَدَنی منّوں کے لئے مَدَنی پھول

(1) گھر میں آتے جاتے بلند آواز سے سلام کیجئے۔(2) والدہ یا والد صاحِب کو آتے دیکھ کر تعظیماً کھڑے ہو جایئے۔(3) دن میں کم از کم ایک بار والد صاحب کے ہاتھ اور ماں کے پاؤں چوما کریں۔(4) والِدَین کے سامنے آواز دھیمی رکھئے، ان سے آنکھیں ہرگز نہ ملایئے، نیچی نگاہیں رکھ کر ہی بات چیت کیجئے۔(5) ان کا سونپا ہوا ہر وہ کام جو خِلافِ شَرع نہ ہو فوراً کر ڈالئے۔(6) سنجیدگی اپنایئے! گھر میں تُو تُکار، اَبے تَبے اور مذاق مسخری کرنے، بات بات پر غصّے ہو جانے، کھانے میں عیب نکالنے، چھوٹے بھائی بہنوں کو جھاڑنے، مارنے، گھر کے بڑوں سے اُلجھنے، بحثیں

کرتے رہنے کی اگر آپ کی عادتیں ہوں تو اپنا رَوِیّہ یکسر تبدیل کر دیجئے ، ہر ایک سے مُعافی تلافی کر لیجئے ۔(7) گھر میں اور باہر ہر جگہ آپ سنجیدہ ہو جائیں گے تو اِنْ شَآءَاللّٰہ عَزَّوَجَلَّ گھر کے اندر بھی ضَرور اِس کی بَرَکتیں ظاہِر ہوں گی ۔(8) ماں بلکہ گھر اور باہَر بھی ایک دن کے بچّے کو بھی ''آپ'' کہہ کر ہی مخاطِب ہوں ۔(9) بعد نمازِ عشا (علمی مشاغل وغیرہ سے فارغ ہو کر) جلد تر سونے کی عادت ڈالئے ۔ کاش ! تہجُّد میں آنکھ کُھل جائے ورنہ کم از کم نمازِ فجر تو بآسانی (باجماعت تکبیرِ اولیٰ کے ساتھ) مُیَسَّر آئے اور پھر کام کاج میں بھی سستی نہ ہو۔(10) گھر کے افراد میں اگر نمازوں کی سُستی ، بے پردَگی ، فلموں ڈِراموں اور گانے باجوں کا سلسلہ ہو تو بار بار ٹوکنے کے بجائے ، سب کو نرمی کے ساتھ مکتبۃُ المدینہ سے جاری شُدہ سنّتوں بھرے بیانات کی آڈیو/ وِڈیو کیسٹیں سنایئے ۔ اور مَدَنی چینل دکھایئے ۔ اِنْ شَآءَاللّٰہ عَزَّوَجَلَّ ''مَدَنی نتائج'' برآمد ہوں گے ۔(11) گھر میں کتنی ہی ڈانٹ بلکہ مار بھی پڑے ، صَبر صَبر اور صَبر کیجئے ۔ اگر آپ زبان چلائیں گے تو ''مَدَنی ماحول'' بننے کی کوئی اُمّید نہیں بلکہ مزید بِگاڑ پیدا ہو سکتا ہے کہ بے جا سختی کرنے سے بسا اوقات شیطان لوگوں کو ضِدّی بنا دیتا ہے ۔(12) مَدَنی ماحول بنانے کا ایک بہترین ذَرِیعہ یہ بھی ہے کہ گھر میں روزانہ فیضانِ سنّت کا دَرس ضَرور

ضَرورضَرور دیجئے یا سنئے ۔(13) اپنے گھر والوں کی دنیا وآخِرت کی بہتری کے لئے دِل سوزی کے ساتھ دعا بھی کرتے رہیئے کہ فرمانِ مصطَفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم ہے:

''اَلدُّعَاءُ سِلَاحُ الْمُؤْمِنِ یعنی دُعا مؤمِن کا ہتھیار ہے۔''

(المستدرك للحاكم ج ٢ ص ١٦٢ حديث ١٨٠٥) (14) ہر نَماز کے بعد یہ دُعا اوّل وآخِر دُرُود شریف کے ساتھ ایک بار پڑھ لیجئے ، اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ بال بچے سنّتوں کے پابند بنیں گے اور گھر میں مَدَنی ماحول قائم ہوگا۔(دُعا یہ ہے:)(اَللّٰھُمَّ) رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَ ذُرِّیّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْیُنٍ وَّ اجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِیْنَ اِمَامًا ﴿۷۴﴾ [1] (''اَللّٰھُمَّ'' آیتِ قراٰنی کا حصّہ نہیں)(مسائل القراٰن ص ٢٩٠ ماخوذًا) (15) مَدَنی اِنعامات کے مطابق عمل کی عادت بنائیے، اور گھر میں نرمی اور حکمتِ عملی کے ساتھ مَدَنی اِنعامات کا نِفاذ کیجئے، اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رَحمت سے گھر میں مَدَنی انقِلاب برپا ہوجائیگا۔

مــــــــــــــــــــــــــــــــــــدینه

[1] ترجمۂ کنزالایمان: اے ہمارے ربّ ہمیں دے ہماری بیبیوں اور ہماری اولاد سے آنکھوں کی ٹھنڈک اور ہمیں پرہیزگاروں کا پیشوا بنا۔(پ ١٩، الفرقان ٧٤)

کارکردگی برائے رِضائے رَبُّ الْاَنام عَزَّوَجَلَّ کے کام

(١) اس ماہ کے اکثر دنوں میں مذکورہ مَدَنی انعامات پرعمل کی کوشش رہی؟

(٢) اس ماہ کے اکثر دنوں میں کم از کم 12 مرتبہ **لکھ کر** گفتگوفرمائی؟

(٣) اس ماہ کے اکثر دنوں میں کم از کم 12 مرتبہ **اشارے سے** گفتگوفرمائی؟

(٤) اس ماہ کے اکثر دنوں میں کم از کم 12 مرتبہ چہرے پر **نِگاہیں گاڑے بغیر** گفتگو کی کوشش فرمائی؟

(٥) اس ماہ کے اکثر دنوں میں کم از کم 12 منٹ **قفلِ مدینہ کا عینک** استعمال فرمایا؟

(٦) اس ماہ **یومِ قفلِ مدینہ** منایا؟

(٧) اس ماہ آپ نے **امیرِاہلسنّت** دامَت بَرَکاتھم العالیہ کے کتنے رَسائل کا مُطالَعہ فرمایا؟

پہلا ہفتہ ☐ تیسرا ہفتہ ☐

دوسرا ہفتہ ☐ چوتھا ہفتہ ☐

کل تعداد ☐

(٨) اس ماہ 40 مَدَنی انعامات میں سے کتنے پر عمل کی کوشش رہی؟

(٩) اس ماہ کتنے دن فکرِ مدینہ کی سعادت حاصل کی؟

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس ماہ **عطّار کا دوست** ☐ **عطّار کا پیارا** ☐ **عطّار کا منظورِنظر** ☐ **محبوبِ عطّار** ☐ بننے کی سعادت حاصل ہوئی۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ آیندہ ماہ کم از کم ☐ مَدَنی انعامات پرعمل کی کوشش کروں گا۔

عمل کرنے کا آسان طریقہ

رسالے میں ہر مَدَنی انعام کے نیچے **30** دنوں کے خانے دیئے گئے ہیں۔ روزانہ وقتِ مقررہ پر **فکرِ مدینہ** (یعنی محاسبے کے دوران خانے پُر کرنے کا سلسلہ) کیجئے جن مَدَنی انعامات پر عمل کی سعادت ملی، نیچے خانے میں (✓) کا نشان ورنہ (O) بنا دیجئے اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ بتدریج عمل میں اضافے کے ساتھ ساتھ دل میں گناہوں سے نفرت پائیں گے۔

حدیثِ پاک میں ہے: (آخرت کے معاملے میں) گھڑی بھر غور و فکر کرنا **60** سال کی عبادت سے بہتر ہے۔ (الجامع الصغیر للسیوطی، الحدیث 5897 ص 365 دار الکتب العلمیۃ بیروت)

دعائے عطّار: یا اللہ عَزَّوَجَلَّ! جو ہر ماہ تیری رضا کے لئے مَدَنی انعامات پر عمل کرکے روزانہ اس رسالے میں دیئے گئے خانے پُر کرکے اپنے ذیلی مشاورت کے نگران کو جمع کروائے تو اسے عمل میں استقامت عطا فرما کر اس کو اپنا مقبول بندہ بنالے۔

مَدَنی ماہ ۱۴ھ

نام مع ولدیت .... عمر تقریباً ....

مکمل پتا ....

ذیلی حلقہ .... حلقہ .... علاقہ / شہر ....

آپ نے **فکرِ مدینہ** (یعنی محاسبے کے دوران خانہ پُری کرنے) کے لئے کون سا **وقت** مقرر فرمایا ہے؟ ....

ISBN 978-969-631-393-0

0109336

فیضانِ مدینہ محلہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی، بابُ المدینہ (کراچی)
UAN: +923 111 25 26 92 Ext: 1284
Web: www.dawateislami.net / Email: ilmia@dawateislami.net